بِسمِ اللهِ الرحمٰنِ الرحیم


Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 061-6514525 - 26 - 27

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان


حوالہ نمبر: AM-1 1041 -1446/s

تاریخ: 26-04-1446
01-10-2024

# آن لائن رجسٹریشن میں درستگی کا طریقہ کار

## داخلہ سالانہ امتحان 1446ھ

- سالانہ امتحان 1446ھ مطابق 2025ء کے داخلوں کے لیے مقررہ مدت (سنگل، دو، تین، چار گنا فیس) کا مرحلہ مکمل ہونے پر اگر کوئی داخلہ غلط ہو گیا ہو یا کسی طالب علم/طالبہ کے کوائف غلط درج ہو گئے تو مدارس خود آن لائن اس میں تبدیلی نہیں کر سکتے۔
- مطلوبہ تبدیلی کے لیے مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر درخواست، فارم بے/شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور 100 روپے فی طالب علم فیس دفتر کو ارسال کریں۔
- جن طالبات کی گزشتہ سال خاصہ سال اول کی رجسٹریشن ہو چکی تھی اور ناکام ہونے کی وجہ سے دوبارہ امتحان دینا چاہتی ہیں۔ بعض مدارس نے ایسی طالبات کی امسال نئی آن لائن رجسٹریشن کر دی ہے۔ایسی طالبات کی رجسٹریشن درست کروانے کے لیے مقررہ مدت سے 90 دنوں کے اندر مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر درخواست اور 100 روپے فیس دفتر وفاق کو ارسال کریں۔ رجسٹریشن درست نہ کروانے کی صورت میں گزشتہ سال کے نمبر شامل نہیں کیے جائیں گے۔
- بعض طالبات اپنے والد کی جگہ شوہر کا نام درج کروا دیتی ہیں۔ واضح رہے کہ وفاق کے ریکارڈ میں فقط ولدیت درج کی جاتی ہے زوجیت نہیں لکھی جاتی۔ مدارس ایسی طالبات کے کوائف بھی مقررہ مدت میں درست کروالیں۔
- اگر مقررہ مدت سے 90 دنوں کے بعد کوئی تبدیلی کروائیں گے تو حسب ضابطہ درستگی فارم نمبر 1 پُر کرنا ہوگا اور 400 روپے فیس ادا کرنی ہوگی۔
- اگر کسی طالب علم کا داخلہ ختم کرنا مطلوب ہو تو مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر درخواست دفتر وفاق کو ارسال فرمائیں۔
- **تبدیلی امتحانی مرکز:**

انفرادی طور پر کسی طالب علم یا طالبہ کا امتحانی مرکز تبدیل کرنے کی عموماً اجازت نہیں ہے۔ تاہم شدید مجبوری کی صورت میں حسب ضابطہ مدرسہ کی درخواست، مسئول کی سفارش اور ناظم اعلیٰ وفاق کی منظوری کے ساتھ تبدیلی ہو سکے گی۔ 15 رجب المرجب سے پہلے دفتر وفاق میں درخواست موصول ہونا ضروری ہے، اس کے بعد کسی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

- **رفع درجات کا امتحان:**

نمبروں میں اضافہ کے لیے دوبارہ امتحان دینے والوں کے لیے لازم ہے کہ وہ اس درجے کی پہلی سند دفتر وفاق کو واپس جمع کروائیں بصورت دیگر رقم الجلوس جاری نہیں کیا جائے گا۔

والسلام

عبدالمجید

ناظم مرکزی دفتر

وفاق المدارس العربیہ پاکستان


Email:wifaqulmadaris@gmail.com UAN:061-111-122-133 Fax:061-6539485 Web:www.wifaqulmadaris.org